ای سے سی ایچ جان لیوا یا زندگی کو محدود کرنے والی حالت اور نورفوک میں پیچیدہ صحت کی دیکھ بھال کی ضروریات والے کسی بچے ( 18 سال کی عمر یا اِس سے کم ) کے ساتھ رہنے والے خاندانوں کی معاونت کرتا ہے ۔ سفوک ، کیمبرج شائر اور کے شمالی علاقے شمال ، وسط اور مغربی ایسیکس ۔

تشخیص سے لے کر زندگی کے اختتام تک اور سوگ کے دوران ، ای اے سی ایچ متعدد خدمات پیش کرتا ہے جو عملی طور پر ، یا آپ کے اپنے گھر میں ، ہسپتال میں ، کمیونٹی میں یا ہمارے تین ہاسپسز یعنی مریض خانوں میں سے کسی ایک میں فراہم کی جاسکتی ہیں:

- ملٹن کیمبرج کے قریب،
- ٹری ہاؤس اپسوچ میں اور
- دی نوک نورفوک میں ۔

ہاسپس یعنی مریض خانے کی عمارتیں بچے کے لیئے دوستانہ اورخوش آئند ماحول کے ساتھ بڑی اور گھریلو قسم کی ہیں۔

ہاسپیس کا لفظ خوفناک لگ سکتا ہے ، لیکن ای اے سی ایچ کی خدمات کا استعمال کرنے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ بچے کی موت قریب ہے ، کیونکہ زندگی کے اختتام پر دیکھ بھال کی خدمت وہ واحد خدمت نہیں ہے جو ای اے سی ایچ فراہم کرتا ہے۔ بہت سے بچے اور نوجوان جو ای اے سی ایچ کی خدمات کا استعمال کرتے ہیں وہ انتہائی فعال ہیں اور 18 سال کی عمر میں بالغ کی خدمات پر منتقل ہوتے ہیں۔ کچھ خاندان کھیل تماشے والے واقعات اور سرگرمیوں پر آسکتے ہیں جو ہم فراہم کرتے ہیں ، جبکہ دوسروں کو اُن کی فلاح و بہبود یا اُن کے بچے کی علامات کے انتظام کی ضروریات کے ساتھ زیادہ توجہ مرکوز کرنے کے لیئے مدد اور معاونت کی ضرورت ہوسکتی ہے۔

خاندان ای اے سی ایچ کی خدمات کی بابت اہل ہوتا ہے تو ، عملے کا ایک رکن آپ سے جب کوئی رابطہ کرے گا تاکہ جامع ضروریات کی تشخیص کو مکمل کرنے کے لیئے بہترین مقام کا بندوبست کیا جاسکے ، چاہے وہ ذاتی طور پر ہو یا ورچوئل پلیٹ فارم (مائیکروسافٹ ٹیمز) پر ہو۔ تشخیص کا مقصد خاندان میں ہر کسی کےمتعلق جاننا اور آپ کی ترجیحات کیا ہیں کےمتعلق اگاہی حاصل کرناہے۔ یہ تشخیص آپ کے لیئے ہر خدمات کے متعلق جاننے کا ایک موقع بھی ہے تاکہ ہم مل کر یہ فیصلہ کرسکیں کہ ہماری کون سی خدمات آپ کے خاندان کی منفرد ضروریات کو بہترین طور پر پورا کرسکتی ہیں۔



This leaflet can be made available in other formats on request (including other languages, braille and Easy Read).

### خاندانوں کو ای اے سی ایچ کی جانب سے  پیش کی جانے والی خدمات میں شامل ہیں:

- علامات کے انتظام کی ماہرانہ  معاونت  اور مشورہ
- زندگی کے اختتام پر دیکھ بھال اور معاونت
- دن اور رات بھر کے مختصر وقفے
- انفرادی  خاندان کے ارکان اور گروپوں کے لیئے جذباتی اور فلاح و بہبود کی معاونت
- خاندانی   واقعات   اور سرگرمیاں





### ہماری  ملٹی پیشہ ورانہ ٹیم   میں شامل ہیں:

- تعلیم یافتہ چلڈرنز پیلی ایٹوکیئرنرسز،
- کلینیکل یعنی طبی نرس کے ماہرین،
- کنسلٹنٹ یعنی مشیر نرس،
- نگہداشت کے معاونین،
- خاندانی تھراپسٹ یعنی معالجین ،
- مشیران ،
- کھیل کے ماہرین،
- میوزک  تھراپسٹ یعنی موسیقی کے ذریعے علاج کرنے والا معالجین ،
- آرٹ تھراپسٹ یعنی فنون لطیفہ کے ذریعے علاج کرنے والے معالجین ،
- فزیو تھراپسٹ،
- پیشہ ورانہ تھراپسٹ یعنی معالجین ،
- چیپلنز یعنی پادری ،
- باورچیوں اور
- ہاؤس کیپنگ کا عملہ۔

ای اے سی ایچ   کے پاس  نگرانی کے تحت  باقاعدگی سے  کام کرنے والے  طلباء   بھی   ہیں ۔

ہر ایک تمام عقائد، ثقافتوں اور نسلی پس منظر سے تعلق رکھنے والے خاندانوں کے ساتھ کام کرتا ہے اور مذہبی رسم و رواج اور ثقافتی ضروریات کی اہمیت کا مکمل طور پر احترام کرتا ہے جو ہر خاندان کی روزمرہ کی زندگی کے لیئے ضروری ہیں۔ ضرورت کے مطابق ترجمان فراہم کیے جائیں گے۔

ای اے سی ایچ کی ایک آن لائن فیملی انفارمیشن سروس یعنی خاندانی معلومات کی خدمت ہے www.each.org.uk/family-zone/information-hub/ . اس میں خاندانوں کے لیئے تعطیلات کے ماہر اور گرانٹ یعنی عطیہ بنانے والی تنظیموں پر ایک حصہ شامل ہے جو خصوصی دورےاور مالی مدد فراہم کر رہے ہیں۔

ہمارے تمام خدمت کے صارفین کی رازداری اور حفاظت کو یقینی بنانے کے لیئے، آپ کو کسی بھی وقت سوشل میڈیا پر دوسرے بچوں یا نوجوانوں کی تصاویر، یا ان کے متعلق معلومات لینے یا تبادلہِ خیال نہیں کرنا چاہئے۔

کیئر کوالٹی کمیشن یعنی دیکھ بھال کے معیار کا کمشن وہ تنظیم ہے جو ہماری خدمات کی فراہمی کے معیار اور حفاظت کو یقینی بنانے کے لیئے مطلوبہ قواعد و ضوابط اور معیارات کے ساتھ ہماری تعمیل کو یقینی بنانے کے لیئے ذمہ دار ہے۔ تازہ ترین معائنے کی رپورٹیں اِس پر دستیاب ہیں www.cqc.org.uk.

**خاندان کیا کہتے ہیں :**

لوسی کی ماں "لوسی جیسے بچوں کو سلیپ اوورز( یعنی دوستوں کورات میں گھر بلانے کا کسی دوست کے گھررات گزارنے کےمواقع) یا اپنے دوستوں کے پاس چائے کے لیئے جانے کا موقع نہیں ملتا ہے ، لہذا ہاسپس یعنی مریض خانے میں اُس کا میل جول انمول ہے۔ ٹیم لوسی کو بہت اچھی طرح سے جانتی ہے اور وہ ایسی سرگرمیوں اور تفریح کو تیار کرتی جو وہ پسند کرتی ہے۔ وہ ایک عام کمسن ہے اور موسیقی والے ٹی وی چینلوں کو دیکھنا پسند کرتی ہے .

طلحہ کی ماں " ہم نے طلحہ کے ساتھ وقت بڑی جلدی سے گزارا جو عام طور پر الجھن کی حالت میں گزر سکتا تھا جس کے بعد افسوس ہوا، جب ہم مکمل طور پر سمجھنے سے قاصر تھے کہ ہم کس چیز کاسامنا کر رہے تھے اِس مدت کے دوران ایاے سیایچ نے دھیرے دھیرے ہماری رہنمائی کی کہ ہم اپنے وقت کا زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کو یقینی بنائیں"

جیڈن کی ماں "جب میں نے پہلی بار ہاسپس یعنی مریض خانے کا لفظ سنا تو میں نے سوچا کہ 'میں اپنے بیٹے کے لیئے ایسا نہیں چاہتی' لیکن جب میں نے مکمل طور پر سمجھنے کے لیئے وقت لیا کہ وہ کیا دے سکتے ہیں تو مجھے احساس ہوا کہ یہ ہم سب کے لیئے ایک حقیقی فائدہ ہوسکتا ہے۔ شروع سے ہی ہمارے پاس ہسپتال میں مدد تھی لہذا ہم اکیلے یا الگ تھلگ محسوس نہیں کرتے تھے اور جب کبھی بھی ہمیں مدد کی ضرورت ہوتی تھی تو فون کے اختتام پر ہمیشہ کوئی نہ کوئی ہوتا تھا۔

"پہلی بار جب ہم رہنے کے لیئے ہاسپس یعنی مریض خانے میں آئے تو یہ میرے لیئے واقعی مشکل تھا۔ ہم نے جیڈن کی طرف سے بہت زیادہ وقت گزارا تھا، کہ اسے کسی اور کی دیکھ بھال میں چھوڑنا واقعی مشکل تھا۔ مجھے فکر مند ہونے سے بچنے کے لیئے اپنے آپ کو مصروف رکھنے کی کوشش کرنی پڑی ، اور جیسے جیسے وقت گزر ا ہے میں یہ جان کر پُر سکون ہونے میں کامیاب رہی ہوں کہ اس کی دیکھ بھال کی جارہی ہے۔ ہم ایک سہارا حاصل کر سکتے ہیں جس کی ہمیشہ ضرورت ہوتی ہے!

"چونکہ جیڈن نے ہسپتال میں بہت زیادہ وقت گزارا تھا کہ وہ روکےجانے کا عادی نہیں تھا ، اور وہ واقعی اپنے ہاتھوں یا پیروں کو کسی کا چھونا پسند نہیں تھا جو والدین کی حیثیت سے ہمارے لیئے دل توڑنے والا تھا۔ ہم نے ای اے سی ایچ کے کھیل کے ماہرین کے ساتھ بہت کام کیا ہے اور وہ اب بہت بہتر ہے - اس طرح کی چیزیں انمول رہی ہیں۔ "

**ہماری ٹیموں سے رابطہ کیسے کریں**

ای اے سی ایچ ملٹن (کیمبرج شائر) 01223 815100; eachmiltonadmin@each.org.uk

ای اے سی ایچ دی نوک (نورفوک) 01603 967596; nook.admin@each.org.uk

ای اے سی ایچ دی ٹری ہاؤس (سفولک اور ایسیکس) 01473 271334; ipswichadmin@each.org.uk

ای اے سی ایچ سیمپٹم مینجمنٹ نرسنگ سروس 0808 1969495; each.each.smns@nhs.net

www.each.org.uk/contact-us



This leaflet can be made available in other formats on request (including other languages, braille and Easy Read).